WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



تِلْکَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ م مِنْهُمْ مَّنْ کَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ط
وَاٰتَیْنَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ الْبَیِّنٰتِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِیْنَ مِنْ م
بَعْدِهِمْ مِّنْ م بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنٰتُ وَلٰکِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ کَفَرَ ط
وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ(۲۵۳)یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا
رَزَقْنٰکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَ لَا خُلَّةٌ وَّ لَا شَفَاعَةٌ ط وَالْکٰفِرُوْنَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ(۲۵۴)اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَانَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَاالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ لَا
یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ (۲۵۵)لَآاِکْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ
یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ م بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ
سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ(۲۵۶)اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ط وَالَّذِیْنَ
کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓئُهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ط اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ
هُمْ فِیْهَاخٰلِدُوْنَ (۲۵۷)اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِیْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰهُ اللّٰهُ الْمُلْکَ م اِذْقَالَ
اِبْرٰهٖمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ قَالَ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ ط قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ بِالشَّمْسِ
مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ کَفَرَ ط وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ
الظّٰلِمِیْنَ(۲۵۸)



پارہ(سوم):تلک الرسل :

یہ رسول ہیں۔ہم نے انہیں ایک دوسرے پر فضیلت دی، کسی سے اللہ نے کلام کیا۔اور کسی کے درجے بلند کئے۔اور عیسیٰ
ابن مریم کو ہم نے روشن نشانیاں دیں اور اس کی مدد روح القدس سے کی اور اگر اللہ چاہتا تو لوگ روشن نشانیاں آجانے کے
بعد آپس میں نہ لڑتے۔لیکن انہوں نے اختلاف کیا۔ان میں سے کوئی ایمان لے آیا اور کسی نے کفر کیا۔اور اگر اللہ چاہتا تو
وہ آپس میں نہ لڑتے لیکن اللہ جو چاہتا ہے، کرتا ہے۔(253) اے ایمان لانے والو! ہم نے تمہیں جو رزق دیا ہے اس
میں سے خرچ کرو، مبادا وہ دن آجائے جب خرید وفروخت بند ہو جائے اور دوستی چلے نہ سفارش۔اور کافر لوگ ہی ظالم
ہیں۔(254) اللہ ہی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔وہ زندہ اور قائم دائم ہے۔اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند آتی ہے۔
وہ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔اُس کے پاس کس کی مجال ہے کہ کوئی سفارش کر سکے بغیر اُس کی اجازت کے،
لوگ جو ظاہر کرتے ہیں اور جو چھپاتے ہیں اُسے سب معلوم ہے۔ہر شے اُس کے احاطہ علم میں ہے اور لوگ اُس کے علم کا
اندازہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ دینا چاہے۔اُس کی حکومت آسمانوں اور زمینوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ان دونوں کی حفاظت اُس
کے لئے تھکا دینے والی نہیں۔اور وہ بلند مرتبہ اور عظمت والا ہے۔(255) دین میں زبردستی نہیں۔ ہدایت گمراہی سے
الگ ہو چکی۔جس نے طاغوت کو ماننے سے انکار کر دیا اور اللہ پر ایمان لے آیا اُس نے مضبوط کڑی کو تھام لیا وہ اُسے گرنے
نہیں دے گی۔اور اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔(256) اللہ ایمان لانے والوں کا دوست ہے۔وہ انہیں اندھیروں
سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا ہے۔کافروں کے ساتھی طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں میں لے
جاتے ہیں۔یہی لوگ ہیں جو دوزخ کی آگ میں جائیں گے، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔(257) آپؐ نے اس شخص کو
دیکھا جو ابراہیمؑ سے رب کے بارے میں جھگڑ رہا تھا کہ اللہ نے اسے بادشاہت دے رکھی تھی؟ ابراہیمؑ نے کہا، میرا رب وہ
ہے جو زندگی اور موت دیتا ہے۔اس نے کہا، میں بھی زندگی اور موت دیتا ہوں۔ابراہیم نے کہا اللہ مشرق سے سورج طلوع
کرتا ہے تم اسے مغرب سے لا کر دکھا دو۔ اس پر وہ کفر کرنے والا لاجواب ہوگیا۔اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں
دیتا۔(258)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ
اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ط قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ط قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ
عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ
وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ط فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (٢٥٩) وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰى ط قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ط
قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ ط قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى
كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ط وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ (٢٦٠) مَثَلُ
الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ
ط وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ (٢٦١) اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ
اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ. وَ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ
یَحْزَنُوْنَ (٢٦٢) قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَآ اَذًى ط وَاللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ
(٢٦٣) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَ لَا
یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ط فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَیْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ط لَا
یَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ط وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ (٢٦٤) وَمَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ
اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِیْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا
ضِعْفَیْنِ فَاِنْ لَّمْ یُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ (٢٦٥) اَیَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ
جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهٗ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ
ضُعَفَآءُ. فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ط كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ
تَتَفَكَّرُوْنَ (٢٦٦)



اوندھی پڑی بستی سے گزرتے ہوئے گدھا سوار نے کہا، مجھے دکھا تو مردے کیسے زندہ کرے گا۔ اللہ نے اسے سلایا، جگایا،
پوچھا کتنا سویا۔ کہا ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ کیونکہ کھانا تازہ تھا۔ کہا تو سو سال سویا، کیونکہ گدھا ہڈیاں بن چکا تھا۔ کہا
دیکھ ہم کیسے ہڈیاں جوڑتے اور ان پر گوشت چڑھاتے ہیں۔ ہم تجھے لوگوں کے لیے آیت بنا دیں گے۔ کہا میں جان گیا تو
ہر چیز پر قادر ہے۔ (اللہ سونے سے جلد جگائے یا قیامت کے دن، خوابیدہ شخص کو کیا معلوم وہ تو اشیاء دیکھ کر وقت کا اندازہ
کرتا ہے۔ کہیں پل میں صدیاں گزر جاتی ہیں اور کہیں صدیوں میں پل نہیں گزرتا)(259) اور جب ابراہیمؑ نے کہا'
اے میرے رب! مجھے دکھا کیسے تو قبروں سے مُردے اٹھائے گا۔ اللہ نے کہا کیا تم یقین نہیں کرتے۔ کہا یقین تو مجھے ہے
لیکن میں دل کا اطمینان چاہتا ہوں۔ اللہ نے کہا چار پرندے پکڑ و پھر انہیں اپنے ساتھ سدھا لو (مانوس کر لو) پھر ان سب کو
الگ الگ پہاڑ پر رکھ دو۔ پھر انہیں آواز دو۔ وہ اُڑتے ہوئے تیرے پاس آ جائیں گے۔ جان لو کہ اللہ زبردست حکمت والا
ہے۔(260) اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا ایسے ہے جیسے ایک دانہ سے سات خوشے نکلیں ہر خوشے میں سو دانے ہوں اور
اللہ جسے چاہتا ہے زیادہ کر دیتا ہے اور اللہ وسیع کرنے والا اور جاننے والا ہے۔(261) جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال
خرچ کرتے ہیں۔ پھر جو خرچ کریں اس کے پیچھے نہیں جاتے اور نہ تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ تو ایسے لوگوں کے لئے ان
کے رب کے پاس اجر ہے۔ انہیں خوف ہوگا اور نہ حُزن۔(262) اچھی بات کہنا اور معاف کر دینا اس صدقہ سے بہتر ہے
جسے دینے والا دینے کے بعد پیچھے پڑ جائے اور یوں دوسرے کے لئے تکلیف کا باعث بن جائے۔ اور اللہ بے نیاز اور
بُردبار ہے۔(263) اے ایمان والو! اپنے صدقات احسان جتلا کر اور اذیت دے کر ضائع نہ کرو۔ جیسے وہ شخص جو
محض دکھلاوے کو مال خرچ کرتا ہے اور اس کا اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں ہوتا۔ جیسے کوئی صاف پتھر ہو،
جس پر کائی جمے پھر اس پر بارش برس جائے اور اسے پہلے کی طرح دھو کر صاف کر دے۔ ان کا کسی شے پر کوئی
اختیار نہیں مگر جو انہوں نے کمایا اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔(264) اپنے مال اللہ کی رضا جوئی اور اپنے
دلوں کے ثبات کے لئے خرچ کرنے والے بلندی پر ایک باغ ہیں جس پر موسلا دار بارش پڑے تو اس کے پھل دوگنا
ہو جائیں اور اگر موسلا دار بارش نہ بھی برسے تو پھوار ہی اس کے لئے کافی ہو۔ اور تم جو کرتے ہو اللہ دیکھتا
ہے۔(265) کیا تم میں سے کوئی چاہے گا کہ اُس کا ایک باغ ہو، جس میں کھجور کے درخت اور انگور کی بیلیں ہوں، جس
کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اُس کے لئے اُس میں ہر قسم کے پھل ہوں، اُس پر بڑھاپا آ چکا ہو، اور اس کے بچے ناتواں
ہوں، اُس کے باغ پر آگ کا ایک بگولا آئے اور اُسے جلا کر خاکستر کر دے۔ اسی طرح اللہ تمہارے لئے آیات واضح
کرتا ہے تاکہ تم تفکر کرو۔(266)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ
مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ط وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ(۲۶۷)اَلشَّيْطٰنُ
يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ
عَلِيْمٌ(۲۶۸)يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ط وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّاۤ
اُولُوا الْاَلْبَابِ(۲۶۹)وَمَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ط وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ(۲۷۰)اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ط
وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (۲۷۱)لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ط وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ط وَمَا تُنْفِقُوْا
مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ (۲۷۲)لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ لَا يَسْـَٔلُوْنَ
النَّاسَ اِلْحَافًا ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ(۲۷۳)اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ
وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ(۲۷۴)اَلَّذِيْنَ
يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْۤا
اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا م وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ط فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ
مَا سَلَفَ ط وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ط وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ(۲۷۵)يَمْحَقُ
اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ط وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ (۲۷۶)اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ . وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ(۲۷۷)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (۲۷۸)



اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے پاکیزہ اشیاء اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور جو کچھ ہم نے تمہارے لئے زمین سے اُگایا ہے اور اس میں سے گندی چیزیں خرچ کرنے کا ارادہ نہ کرو جب کہ تم خود ایسی چیز لینا پسند نہیں کرتے۔ اگر اغماض برت جاؤ تو اور بات ہے۔ اور جان لو کہ اللہ غنی اور خوبیوں والا ہے۔(267) شیطان تمہیں فقر سے ڈراتا ہے اور فحاشی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے مغفرت اور فضل کا وعدہ کرتا ہے اور اللہ وسیع کرنے والا اور جاننے والا ہے۔(268) وہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا کردیتا ہے اور جسے حکمت مل گئی اسے خیر کثیر مل گئی۔ اور عقل والوں کے سوا کوئی نصیحت نہیں لیتا۔(269) اور تم جو بھی خرچ کرتے ہو یا منت کے نذرانے' نذر کرتے ہو' اللہ کو معلوم ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔(270) اگر اعلانیہ صدقات دو تو یہ نعمت ہے اور اگر خفیہ صدقات دو اور فقراء کو پہنچاؤ تو یہ بھی تمہارے لیے اچھا ہے اور وہ اس سے تمہارے گناہ اُتارتا ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔(271) انہیں (اے محمدؐ!) ہدایت دینا آپکا کام نہیں۔ لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور تم جو بھلائی کے لئے خرچ کروگے اس کا فائدہ تمہیں ہی ہوگا۔ اور تم جو اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لئے خرچ کروگے اور جو بھلائی تم کروگے وہ تمہیں بلا کم و کاست واپس مل جائے گی اور تم پر کوئی زیادتی نہ ہوگی۔(272) ان فقراء کے لئے خرچ کرو جنہوں نے اپنی زندگیاں اللہ کے لیے وقف کردیں اور وہ معاشی سرگرمیاں نہ کرسکے۔ جاہل انہیں بے نیاز سمجھتے ہیں۔ تم انہیں ان کی پیشانیوں سے پہچان لوگے۔ وہ لوگوں سے لپٹ لپٹ کر نہیں مانگتے اور تم ان پر جو خرچ کروگے۔ اللہ کو اس کی خبر ہے۔(273) جو لوگ اپنا مال رات دن، خفیہ اور اعلانیہ خرچ کرتے ہیں اُن کے لئے اُن کے رب کے پاس اجر ہے۔ انہیں کوئی خوف اور حزن نہیں ہوگا۔(274) سود خور قیامت کے روز اس شخص کی طرح کھڑا ہوگا جسے شیطان نے چھوکر حواس باختہ کردیا ہو۔ یہ اس وجہ سے کہ وہ کہتے تھے کہ سود بھی تجارت کی طرح ہے مگر اللہ نے تجارت حلال کی ہے اور سود حرام کیا ہے۔ جسے اپنے رب کی نصیحت پہنچ گئی اور وہ منع ہوگیا تو بہتر۔ سابقہ سودخوری کا معاملہ اللہ کے ہاتھ ہے۔ جو اب سود لے گا وہ جہنمی ہوگا اور جہنم میں ہمیشہ رہے گا۔(275) اللہ سود کو مٹاتا اور خیرات کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی بھی کافر کا گناہ گار ہونا پسند نہیں کرتا(276) مومنوں، نیکوں کاروں، نمازیوں اور زکوٰۃ ادا کرنے والوں کے لئے ان کے رب کے پاس اجر ہے۔ انہیں کوئی خوف ہوگا نہ غم۔(277) اے مومنو! اللہ سے ڈرو اور جو سود لینا باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو' اگر تم مومن ہو۔(278)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا فَاۡذَنُوۡا بِحَرۡبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَلَا
تُظۡلَمُوۡنَ(۲۷۹)وَاِنۡ كَانَ ذُوۡعُسۡرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيۡسَرَةٍ ط وَاَنۡ تَصَدَّقُوۡا خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ
تَعۡلَمُوۡنَ(۲۸۰)وَاتَّقُوۡا يَوۡمًا تُرۡجَعُوۡنَ فِيۡهِ اِلَى اللّٰهِ. ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا
يُظۡلَمُوۡنَ(۲۸۱)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا تَدَايَنۡتُمۡ بِدَيۡنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكۡتُبُوۡهُ ط وَلۡيَكۡتُبۡ بَّيۡنَكُمۡ
كَاتِبٌۢ بِالۡعَدۡلِ وَلَا يَاۡبَ كَاتِبٌ اَنۡ يَّكۡتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلۡيَكۡتُبۡ وَلۡيُمۡلِلِ الَّذِىۡ عَلَيۡهِ الۡحَقُّ
وَلۡيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَ لَا يَبۡخَسۡ مِنۡهُ شَيۡـئًا ط فَاِنۡ كَانَ الَّذِىۡ عَلَيۡهِ الۡحَقُّ سَفِيۡهًا اَوۡ ضَعِيۡفًا اَوۡ لَا يَسۡتَطِيۡعُ
اَنۡ يُّمِلَّ هُوَ فَلۡيُمۡلِلۡ وَلِيُّهٗ بِالۡعَدۡلِ ط وَاسۡتَشۡهِدُوۡا شَهِيۡدَيۡنِ مِنۡ رِّجَالِكُمۡ فَاِنۡ لَّمۡ يَكُوۡنَا رَجُلَيۡنِ
فَرَجُلٌ وَّامۡرَاَتٰنِ مِمَّنۡ تَرۡضَوۡنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنۡ تَضِلَّ اِحۡدٰهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحۡدٰهُمَا الۡاُخۡرٰى ط وَلَا
يَاۡبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوۡا ط وَلَا تَسۡـَٔمُوۡۤا اَنۡ تَكۡتُبُوۡهُ صَغِيۡرًا اَوۡ كَبِيۡرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ط ذٰلِكُمۡ اَقۡسَطُ
عِنۡدَ اللّٰهِ وَاَقۡوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدۡنٰۤى اَلَّا تَرۡتَابُوۡۤا اِلَّاۤ اَنۡ تَكُوۡنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيۡرُوۡنَهَا بَيۡنَكُمۡ فَلَيۡسَ
عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ اَلَّا تَكۡتُبُوۡهَا ط وَاَشۡهِدُوۡۤا اِذَا تَبَايَعۡتُمۡ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّ لَا شَهِيۡدٌ ط وَاِنۡ تَفۡعَلُوۡا فَاِنَّهٗ
فُسُوۡقٌۢ بِكُمۡ ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ(۲۸۲) وَاِنۡ كُنۡتُمۡ عَلٰى سَفَرٍ
وَّ لَمۡ تَجِدُوۡا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقۡبُوۡضَةٌ ط فَاِنۡ اَمِنَ بَعۡضُكُمۡ بَعۡضًا فَلۡيُؤَدِّ الَّذِى اؤۡتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلۡيَتَّقِ اللّٰهَ
رَبَّهٗ ط وَ لَا تَكۡتُمُوا الشَّهَادَةَ ط وَمَنۡ يَّكۡتُمۡهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلۡبُهٗ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ عَلِيۡمٌ (۲۸۳)لِلّٰهِ
مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ط وَاِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اَوۡ تُخۡفُوۡهُ يُحَاسِبۡكُمۡ بِهِ اللّٰهُ ط
فَيَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ(۲۸۴)اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ
اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ
وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ(۲۸۵)



اگر تم منع نہ ہوئے تو سن لو کہ اللہ اور اس کے رسول کی تم سے جنگ ہے۔اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہیں تمہارے مال کا اصل زر مل جائے گا۔نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔(279) اور اگر کسی کو تنگ دستی ہو تو فراخی ہونے تک اسے قرض کی واپسی میں مہلت دے دو اور اگر تم معاف کر دو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔اگر تمہیں سمجھ ہو۔(280) اس دن سے ڈرو جب تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔پھر جس نے جو کمایا ہوگا پورا پورا اُسے لوٹا دیا جائے گا اور اُس پر کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔
(281) اے ایمان والو! جب کسی سے لین دین کا معاملہ کرو اور واپسی کی تاریخ مقرر کرو تو لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ تمہارے درمیان کاتب (وثیقہ نویس) عدل کے ساتھ لکھے اور لکھنے میں پہلو تہی نہ کرے اور لکھے جیسے اللہ نے اسے تحریر لکھنی سکھائی ہے۔اور بتا دے جس پر ادا کرنا حق ہے اور اللہ سے ڈرے جو رب ہے اس کا اور اس میں کوئی شے کم نہ کرے۔جس شخص کے ذمہ حق ہے وہ اگر نادان ہو یا ضعیف ہو اور لکھوانے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس کی طرف سے اس کا ولی انصاف سے لکھوا دے اور اپنے میں سے دو مرد گواہ بنا لو۔اگر دو مرد نہ ملیں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہ بنا لو جنہیں تم پسند کرو۔دو عورتیں اس لئے کہ اگر ایک بھول جائے تو دوسری عورت یاد دلا دے۔اور گواہوں کو چاہیے کہ جب انہیں گواہی کے لئے بلایا جائے تو پس و پیش نہ کریں اور قرض جس کی مدت مقرر ہو اسے لکھنے میں عار محسوس نہ کریں چاہے قرض کی رقم معمولی ہو یا زیادہ ہو۔یہ اللہ کے نزدیک انصاف ہے اور شک و شبہ سے بچانے والی بات ہے۔اگر معاملہ نقد تجارت میں لین دین کا ہو تو نہ لکھنے میں کوئی حرج نہیں۔خرید و فروخت کے وقت بھی گواہ مقرر کر لیا کرو۔نہ کاتب کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ گواہ کو اور اگر ایسا کرو تو یہ تمہارے لئے گناہ ہے۔اور اللہ سے ڈرو، وہ تمہیں سکھاتا ہے اور اللہ ہر شے کا علم رکھتا ہے۔(282) اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب نہ ملے تو رہن قبضہ میں رکھ لیا کرو۔پھر اگر ایک دوسرے پر اعتبار ہو تو اعتبار والے شخص کو چاہئے کہ پورا پورا قرضہ واپس کر دے اور اللہ سے ڈرتا رہے جو اس کا رب ہے اور شہادت کو نہ چھپاؤ اور جو شہادت کو چھپائے اس کے دل میں گناہ ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔(283) آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اللہ کی ہے۔تم اپنے دل کی بات ظاہر کر دیا چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے لے گا اور جسے چاہے گا بخشے گا جسے چاہے گا عذاب دے گا اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔
(284) رسول نے مانا جو اس کے رب نے اس پر اُتارا اور کل مومنوں نے مانا اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے رسولوں کو۔ان رسولوں میں سے ہم کسی میں فرق نہیں کرتے اور کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم نے سُنا اور تیری بخشش کو قبول کیا اور ہمیں تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔(285)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ
نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَ
لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ(۲۸۶)

## ۳.سورۃ ال عمران ..مدنی سورۃ .. کل آیات.۲۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ (۱)اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ(۲)نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
وَاَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِيْلَ(۳)مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ط اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ
اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ(۴)اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَآءِ(۵)هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ(۶)هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ
مُتَشٰبِهٰتٌ ط فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ
وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ م وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ
اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ(۷)رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ
اَنْتَ الْوَهَّابُ(۸)رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ
(۹)اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ط وَاُولٰٓئِكَ هُمْ
وَقُوْدُ النَّارِ(۱۰)كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ
ط وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(۱۱)



وہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔جو اس نے کمایا اس کے لئے ہے۔اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بھول چوک یا غلطیوں پر نہ پکڑ۔اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ رکھ جو ہم سے قبل قوم پر رکھا گیا۔اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ رکھ جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، ہمیں معاف کر دے، ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر تو ہمارا مولیٰ ہے اور کافر قوم کے خلاف ہماری مدد کر(286)۔

پارہ سوم: تلک الرسول، جاری......

## سورۃ آل عمران (۳)

(شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے)

الٓمّٓ (1)اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے۔(2)اُس نے حق کے ساتھ تم پر کتاب نازل کی، جو
تصدیق کرتی ہے پہلی کتاب کی اور اُس نے اِس سے قبل تورات اور انجیل نازل کی۔(3)جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور
اُس نے فرقان نازل کی(قرآن)۔جنہوں نے اللہ کی آیات کو نہ مانا اُن کے لیے سخت عذاب ہے اور اللہ زبردست انتقام
لینے والا ہے۔(4)اللہ سے زمین اور آسمان کی کوئی شے پوشیدہ نہیں ہے۔(5)وہی ہے جو جیسے چاہتا ہے ماں کے پیٹوں
میں بچوں کو شکل وصورت عطا کرتا ہے۔اُس عزیز الحکیم کے سوا کوئی معبود نہیں۔(6) وہی ہے جس نے تم پر کتاب نازل
کی۔اُس میں محکم آیات ہیں وہ کتاب کی بنیاد ہیں اور دیگر آیات متشابہات ہیں (شبہ میں ڈالنے والی) جن کے
دلوں میں ٹیڑھا پن ہے وہ متشابہات پر چلتے ہیں اور فتنہ تلاش کرتے ہیں اور اُس کی تاویلیں ڈھونڈتے ہیں اور انہیں
ان متشابہات کے معنی معلوم نہیں۔اُن کے معنی صرف اللہ ہی جانتا ہے۔اور پختہ علم والے کہتے ہیں کہ ہم اُس سب کو
مانتے ہیں جو ہمارے رب نے نازل کیا، اور صاحب شعور لوگوں کے سوا کوئی نہیں سمجھتا۔(7)اے ہمارے رب ہمیں
ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور اپنے پاس سے ہم پر رحمت نازل کر، بے شک تو سب سے بڑا عطا کرنے
والا ہے۔(8)اے ہمارے رب تو ہی لوگوں کو ایک دن جمع کرنے والا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں۔بے شک
اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے۔(9)کافروں کا مال اور اولاد اللہ کے ہاں اُن کے کچھ کام نہ آئے گی اور وہ آگ کا
ایندھن ہیں۔(10)آلِ فرعون اور اُن سے پہلے کے لوگوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلایا تو اللہ نے
اُنہیں اُن کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔(11)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



قُلۡ لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا سَتُغۡلَبُوۡنَ وَتُحۡشَرُوۡنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ط وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ(۱۲)قَدۡ كَانَ لَكُمۡ اٰيَةٌ
فِىۡ فِئَتَيۡنِ الۡتَقَتَا ط فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَاُخۡرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوۡنَهُمۡ مِّثۡلَيۡهِمۡ رَاۡىَ الۡعَيۡنِ ط
وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصۡرِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ط اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ(۱۳)زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ
الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالۡبَنِيۡنَ وَالۡقَنَاطِيۡرِ الۡمُقَنۡطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالۡفِضَّةِ وَالۡخَيۡلِ الۡمُسَوَّمَةِ
وَالۡاَنۡعَامِ وَالۡحَرۡثِ ط ذٰلِكَ مَتَاعُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗ حُسۡنُ الۡمَاٰبِ(۱۴)قُلۡ
اَؤُنَبِّئُكُمۡ بِخَيۡرٍ مِّنۡ ذٰلِكُمۡ ط لِلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا عِنۡدَ رَبِّهِمۡ جَنّٰتٌ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ
فِيۡهَا وَاَزۡوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضۡوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ(۱۵)اَلَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ
اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ(۱۶)اَلصّٰبِرِيۡنَ وَالصّٰدِقِيۡنَ وَالۡقٰنِتِيۡنَ وَ الۡمُنۡفِقِيۡنَ
وَالۡمُسۡتَغۡفِرِيۡنَ بِالۡاَسۡحَارِ(۱۷)شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الۡعِلۡمِ قَآئِمًاۢ
بِالۡقِسۡطِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ(۱۸)اِنَّ الدِّيۡنَ عِنۡدَ اللّٰهِ الۡاِسۡلَامُ قف وَمَا اخۡتَلَفَ
الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ ط وَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ
اللّٰهَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ(۱۹)فَاِنۡ حَآجُّوۡكَ فَقُلۡ اَسۡلَمۡتُ وَجۡهِىَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ط وَقُلۡ لِّلَّذِيۡنَ
اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَالۡاُمِّيّٖنَ ءَاَسۡلَمۡتُمۡ ط فَاِنۡ اَسۡلَمُوۡا فَقَدِ اهۡتَدَوۡا وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ ط
وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ(۲۰)اِنَّ الَّذِيۡنَ يَكۡفُرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقۡتُلُوۡنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيۡرِ حَقٍّ وَّيَقۡتُلُوۡنَ الَّذِيۡنَ
يَاۡمُرُوۡنَ بِالۡقِسۡطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرۡهُمۡ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ(۲۱)اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فِى
الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ(۲۲)اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ اُوۡتُوۡا نَصِيۡبًا مِّنَ الۡكِتٰبِ يُدۡعَوۡنَ اِلٰى
كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ وَهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ(۲۳)ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَنۡ
تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعۡدُوۡدٰتٍ وَّغَرَّهُمۡ فِىۡ دِيۡنِهِمۡ مَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ (۲۴)



کافروں سے کہہ دو! جلد تمہیں مغلوب کر کے جہنم میں اکٹھا کیا جائے گا اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے۔(12) جب دو گروہ لڑائی میں
ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تو اُن میں تمہارے لیے سبق ہے۔ ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑتا تھا اور دوسرا گروہ کافر تھا۔
کافر گروہ کو کھلی آنکھوں سے دوسرا گروہ اپنے سے دوگنا دکھائی دیتا تھا۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنی تائید سے مدد کرتا ہے۔
بے شک اس میں اہل نظر کے لیے عبرت ہے۔(13) لوگوں میں عورتوں، بیٹوں، سونے چاندی کے اکٹھے کئے ہوئے
ڈھیروں، نشاندار گھوڑوں، مویشیوں اور کھیتوں کی محبت ڈلی ہوئی ہے۔ یہ تو دنیا کا سامان ہے اور اللہ کے پاس بہترین ٹھکانہ
ہے۔(14) کہو! میں بتاؤں تمہیں اس میں بہتر کیا ہے۔ متقی لوگ، جن کے لیے اُن کے رب کے پاس جنت ہے، جس
کے نیچے نہریں بہتی ہیں جس میں وہ اور اُن کی مطہرہ بیویاں ہمیشہ رہیں گی اور وہ اللہ کی رضامندی میں ہوں گے اور اللہ
اپنے بندوں کو دیکھتا ہے۔(15) جو لوگ کہتے ہیں، اے ہمارے رب بے شک ہم ایمان لے آئے ہمارے گناہ معاف کر
دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔(16) صابرین اور صادقین، تابعدار، انفاق فی سبیل اللہ کرنے والے، صبحوں کو
استغفار کرنے والے۔(17) اللہ اور فرشتے اور وہ علم والے جو انصاف پر قائم ہیں، گواہی دیتے ہیں کہ اُس کے سوا کوئی
معبود نہیں۔ اُس کے سوا کوئی زبردست حکمت والا نہیں۔(18) بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہے اور جن لوگوں کو
کتاب دی گئی' انہوں نے علم آ جانے کے بعد ضد میں آپس میں اختلاف کیا۔ اور جنہوں نے اللہ کی آیات سے کفر کیا تو اللہ
کو اُن سے حساب لینے میں دیر نہیں لگتی۔(19) اگر وہ آپ سے جھگڑیں' تو کہو! میں اور میرے پیروکار اپنا چہرہ اللہ کے لیے
جھکاتے ہیں۔ اور کہو! حاملینِ کتاب اور اَن پڑھوں سے' کیا تم اسلام لاتے ہو؟ اور اگر وہ اسلام لائیں تو انہوں نے
ہدایت پالی اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو آپؐ پر بتا دینا فرض ہے۔ اور اللہ لوگوں کو دیکھتا ہے۔(20) جو لوگ اللہ کی آیات سے
انکار کرتے ہیں اور ناحق نبیوں اور انصاف کا حکم کرنے والوں کو قتل کرتے ہیں تو انہیں دردناک عذاب کی نوید دے
دو۔(21) یہی لوگ ہیں جن کے دنیا اور آخرت کے اعمال ضائع ہو گئے اور اُن کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔(22) تو نے
دیکھا جن لوگوں کو کتاب کا کچھ حصہ دیا گیا، انہیں وہ اللہ کی کتاب کی طرف بُلاتا ہے تا کہ اُن کے درمیان کتاب کے مطابق
فیصلہ کرے۔ اُن میں سے ایک گروہ بدل جاتا ہے اور وہ تھے ہی پھر جانے والے۔(23) یہ اس لیے کہ وہ کہتے تھے ہمیں
چند دنوں کے سوا آگ کا عذاب نہیں ہوگا۔ اُن کے دین نے انہیں دھوکہ دیا کیونکہ وہ جھوٹ گھڑتے تھے۔(24)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ(۲۵)قُلِ
اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ(۲۶)تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ
تُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ(۲۷)لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ
مِنَ اللّٰهِ فِىْ شَىْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰةً ط وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ط وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ(۲۸)قُلْ
اِنْ تُخْفُوْا مَا فِىْ صُدُوْرِكُمْ اَوْتُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ط وَيَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ط
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ(۲۹)يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ
سُوْءٍ تَوَدُّ لَوْاَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًام بَعِيْدًا ط وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ط وَاللّٰهُ رَءُوْفٌم
بِالْعِبَادِ(۳۰)قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ط وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌرَّحِيْمٌ(۳۱)قُلْ اَطِيْعُوااللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ(۳۲)اِنَّ اللّٰهَ
اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (۳۳)ذُرِّيَّةًم بَعْضُهَا مِنْ م بَعْضٍ ط
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ(۳۴)اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِىْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ
مِنِّىْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ(۳۵)فَلَمَّا وَضَعَتْهَاقَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ
بِمَا وَضَعَتْ ط وَلَيْسَ الذَّكَرُكَالْاُنْثٰى وَاِنِّىْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّىْٓ اُعِيْذُهَابِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ
الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(۳۶)فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَابِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ
عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ط قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِاللّٰهِ ط
اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ(۳۷)هُنَالِكَ دَعَازَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ
ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ(۳۸)



پھر کیا ہوگا جب ہم ایک دن انہیں جمع کریں گے، جس کے بارے میں کوئی شک نہیں۔اور ہر شخص کو اُس کے کئے کا بدلہ مل جائے گا اور اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔(25) کہو! اے اللہ تو مالکِ مُلک ہے، جسے چاہے بادشاہت عطا کردے اور جسے چاہے بے مُلک کردے۔ جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔ تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے۔ بے شک تُو ہر شے پر قادر ہے۔(26) تُو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔تُو مردہ سے زندہ نکالتا ہے (جیسے مردہ زمین سے پودا) اور زندہ سے مردہ نکالتا ہے اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔(27) مومن کافروں کو دوست نہ بنائیں۔ جو ایسا کرے اللہ سے کسی شے کی اُمید نہ رکھے۔مگر یہ کہ بچے' اور تمہیں اللہ سے ڈرایا جاتا ہے اور تمہیں اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(28) کہو! تم اپنے دلوں کی بات چھپاؤ یا نہ چھپاؤ اللہ کو علم ہے اور اُسے آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کی خبر ہے۔اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔(29) جب تم ہر شخص کو اپنے اچھے اور بُرے اعمال پیش کرتا پاؤ تو تم خواہش کرو گے کاش' تمہارے اور بُروں کے درمیان دُور کا فاصلہ حائل ہو جائے اور اللہ تمہیں ڈراتا ہے اُس کے انجام سے اور اللہ بندوں پر شفیق ہے۔(30) کہو! اگر تمہیں اللہ سے محبت ہے تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا۔ اور تمہارے گناہ معاف کردے گا۔ اور اللہ غفور اور رحیم ہے۔(31) کہو! اللہ اور رسول کی اطاعت کرو۔ اگر انہوں نے منہ موڑا تو اللہ کافروں سے محبت نہیں کرتا۔(32) بے شک اللہ نے آدم اور نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو تمام جہانوں سے چن لیا۔(33) یہ ایک دوسرے کی اولاد ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔(34) جب عمرانؑ کی بیوی نے اللہ سے کہا میرے پیٹ میں جو ہے وہ میں تجھے دیتی ہوں۔ میری طرف سے قبول فرما۔ بے شک تُو سننے والا' جاننے والا ہے۔(35) پھر جب عمران کی بیوی نے لڑکی کو جنم دیا تو اُس نے کہا میرے ہاں تو لڑکی پیدا ہوئی۔ اور اللہ کو خبر ہے۔ اور لڑکا لڑکی جیسا نہیں ہوتا۔ اور میں اُس کا نام مریمؑ رکھتی ہوں۔ اِسے اور اِس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔(36) اِسے اُس کے رب نے بخوشی قبول کیا اور اُسے خوب پروان چڑھایا اور اُس کی کفالت زکریاؑ کے سُپرد کی' جب بھی اُس کے کمرے میں زکریاؑ داخل ہوئے تو مریمؑ کے پاس رزق موجود ہوتا۔ کہا، اے مریم یہ تیرے پاس کہاں سے آیا؟ اُس نے جواب دیا، یہ اللہ کے پاس سے آیا ہے۔ اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا کرتا ہے۔(37) اُسی وقت زکریاؑ نے اپنے رب سے دعا کی۔ کہا! اے میرے رب! مجھے اپنی جناب سے پاک اولاد عطا کر بے شک تو دعا سننے والا ہے۔(38)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًام بِكَلِمَةٍ
مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ(۳۹)قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ
الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ط قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ (۴۰)قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ط
قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ط وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ
وَالْاِبْكَارِ(۴۱) وَاِذْقَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى
نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ(۴۲)يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ(۴۳)ذٰلِكَ مِنْ
اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ط وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا
كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ(۴۴)اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ
اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ(۴۵)وَيُكَلِّمُ
النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ(۴۶)قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّ لَمْ يَمْسَسْنِيْ
بَشَرٌ ط قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ(۴۷)وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ(۴۸)وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ
اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًام
بِاِذْنِ اللّٰهِ. وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا
تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ(۴۹)وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ
يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوْنِ(۵۰)اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ط هٰذَاصِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ(۵۱)



جب وہ محراب میں نماز میں کھڑے ہوئے تو فرشتوں نے اُسے آواز دے کر کہا اللہ تمہیں یحیٰ کی خوش خبری دیتا ہے جو اللہ کی
بات کی تصدیق کرنے والا اور سید اور پرہیز گار صالحین میں سے نبی ہوگا۔(39) کہا' اے میرے رب! میرا لڑکا کیسے ہو
سکتا ہے، جب کہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور میری بیوی بچہ پیدا کرنے کی عمر سے گزر چکی ہے۔ کہا اِسی طرح اللہ جو چاہتا ہے
کرتا ہے۔(40) کہا' اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی بتا۔ کہا' تیری نشانی یہ ہے کہ تُو تین دن اشاروں میں بات
کرے گا۔ اور صبح شام اپنے رب کا کثرت سے ذکر کر۔(41) اور جب فرشتوں نے مریم سے کہا، اے مریم! اللہ نے
تمہیں چن لیا اور پاک کیا۔ چن لیا تمہیں تمام جہانوں کی عورتوں میں سے۔(42) اے مریم! اپنے رب کی عبادت کر' سجدہ
کر' رکوع کر' رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔(43) یہ غیب کی خبروں میں سے ایک خبر ہے جو ہم آپ پر وحی کرتے ہیں اور
آپ ان کے پاس نہیں تھے جب وہ مریم کی کفالت کا فیصلہ کرتے وقت سوچتے ہوئے اپنی قلمیں منہ میں ڈالے ہوئے تھے
اور نہ آپ اُس وقت اُن کے پاس تھے جب وہ جھگڑ رہے تھے۔(44) جب فرشتوں نے کہا' اے مریم! اللہ تمہیں اپنی
طرف سے ایک بچے کی بشارت دیتا ہے۔ اُس کا نام مسیح عیسیٰ ابن مریم ہے۔ جو دنیا و آخرت میں خوبصورت ہوگا اور
مقربوں میں ہوگا۔(45) اور بچپن و جوانی میں لوگوں سے کلام کرے گا اور صالحین میں سے ہوگا۔(46) مریم نے کہا' میرا
بچہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ مجھے کسی مرد نے چھوا نہیں۔ کہا' ایسے ہی اللہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ جب وہ کسی کام کا فیصلہ
کر لیتا ہے تو وہ کہتا ہے اس کو ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔(47) اللہ اُسے کتاب و حکمت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دے
گا۔(48) اُسے بنی اسرائیل پر رسول بنا کر بھیجا جس نے کہا' میں رب کی طرف سے آیات لے کر تمہارے پاس آیا
ہوں۔ میں تمہارے لئے بحکم اللہ مٹی سے پتلا اٹھاتا ہوں، رُوح پھونکتا ہوں تو وہ اڑنے لگتا ہے جیسے وہ کوئی اڑنے والا پرندہ
ہو، سدا کے نادیدہ کو دیدہ ور (منزل) کر دیتا ہوں، سدا کے کوڑھوں کو رضا کار بنا دیتا ہوں اور اللہ کے حکم سے بے جان میں
جان ڈال دیتا ہوں اور جو کھا کر آتے ہو اور جو گھروں میں رکھ کر آتے ہو بتا دیتا ہوں۔ بے شک اس میں نشانی ہے تمہارے
لیے' اگر تم ایمان والے ہو۔(49) اور جو تمہارے ہاتھوں میں **تورات** ہے میں اس پر ایمان رکھتا ہوں اور بعض اشیاء حلال
کرنے آیا ہوں جو تم پر حرام کر دی گئیں۔ اور میں تمہارے رب کی نشانی لے کر تمہارے پاس آیا ہوں۔ اللہ سے ڈرو اور
میری اطاعت کرو۔(50) بے شک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے۔ اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔(51)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



فَلَمَّآ اَحَسَّ عِیۡسٰی مِنۡھُمُ الۡکُفۡرَ قَالَ مَنۡ اَنۡصَارِیۡٓ اِلَی اللّٰہِ ط قَالَ الۡحَوَارِیُّوۡنَ نَحۡنُ اَنۡصَارُاللّٰہِ
اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَاشۡھَدۡ بِاَنَّا مُسۡلِمُوۡنَ(۵۲) رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنۡزَلۡتَ وَاتَّبَعۡنَا الرَّسُوۡلَ فَاکۡتُبۡنَا مَعَ
الشّٰھِدِیۡنَ(۵۳)وَمَکَرُوۡا وَمَکَرَاللّٰہُ ط وَاللّٰہُ خَیۡرُ الۡمٰکِرِیۡنَ(۵۴)اِذۡ قَالَ اللّٰہُ یٰعِیۡسٰی اِنِّیۡ
مُتَوَفِّیۡکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَھِّرُکَ مِنَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَجَاعِلُ الَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡکَ فَوۡقَ الَّذِیۡنَ
کَفَرُوۡٓا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ ثُمَّ اِلَیَّ مَرۡجِعُکُمۡ فَاَحۡکُمُ بَیۡنَکُمۡ فِیۡمَا کُنۡتُمۡ فِیۡہِ تَخۡتَلِفُوۡنَ(۵۵)فَاَمَّا
الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فَاُعَذِّبُھُمۡ عَذَابًا شَدِیۡدًا فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ وَمَالَھُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ(۵۶)وَاَمَّا
الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُوَفِّیۡھِمۡ اُجُوۡرَھُمۡ ط وَاللّٰہُ لَایُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ(۵۷)ذٰلِکَ
نَتۡلُوۡہُ عَلَیۡکَ مِنَ الۡاٰیٰتِ وَالذِّکۡرِالۡحَکِیۡمِ(۵۸)اِنَّ مَثَلَ عِیۡسٰی عِنۡدَاللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ ط خَلَقَہٗ مِنۡ
تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ(۵۹)اَلۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّکَ فَلَا تَکُنۡ مِّنَ الۡمُمۡتَرِیۡنَ(۶۰)فَمَنۡ حَآجَّکَ
فِیۡہِ مِنۡ م بَعۡدِ مَا جَآءَکَ مِنَ الۡعِلۡمِ فَقُلۡ تَعَالَوۡا نَدۡعُ اَبۡنَآءَ نَا وَاَبۡنَآءَ کُمۡ وَنِسَآءَ نَا وَنِسَآءَ کُمۡ
وَاَنۡفُسَنَا وَاَنۡفُسَکُمۡ ثُمَّ نَبۡتَھِلۡ فَنَجۡعَلۡ لَّعۡنَتَ اللّٰہِ عَلَی الۡکٰذِبِیۡنَ(۶۱)اِنَّ ھٰذَالَھُوَالۡقَصَصُ الۡحَقُّ
وَمَا مِنۡ اِلٰہٍ اِلَّااللّٰہُ ط وَاِنَّ اللّٰہَ لَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ(۶۲)فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌۢ
بِالۡمُفۡسِدِیۡنَ(۶۳)قُلۡ یٰٓاَھۡلَ الۡکِتٰبِ تَعَالَوۡااِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍ م بَیۡنَنَا وَبَیۡنَکُمۡ اَلَّا نَعۡبُدَ اِلَّا اللّٰہَ
وَلَانُشۡرِکَ بِہٖ شَیۡـًٔا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعۡضُنَا بَعۡضًا اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ ط فَاِنۡ
تَوَلَّوۡافَقُوۡلُوااشۡھَدُوۡابِاَنَّامُسۡلِمُوۡنَ(۶۴)یٰٓاَھۡلَ الۡکِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوۡنَ فِیۡۤ اِبۡرٰھِیۡمَ وَمَآ اُنۡزِلَتِ التَّوۡرٰۃُ
وَالۡاِنۡجِیۡلُ اِلَّا مِنۡ م بَعۡدِہٖ ط اَفَلَاتَعۡقِلُوۡنَ(۶۵)ھٰۤاَنۡتُمۡ ھٰۤؤُلَآءِ حَاجَجۡتُمۡ فِیۡمَالَکُمۡ بِہٖ عِلۡمٌ فَلِمَ
تُحَآجُّوۡنَ فِیۡمَا لَیۡسَ لَکُمۡ بِہٖ عِلۡمٌ ط وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَاتَعۡلَمُوۡنَ(۶۶) مَاکَانَ اِبۡرٰھِیۡمُ
یَھُوۡدِیًّاوَّلَانَصۡرَانِیًّاوَّ لٰکِنۡ کَانَ حَنِیۡفًا مُّسۡلِمًا ط وَمَا کَانَ مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ(۶۷)اِنَّ اَوۡلَی النَّاسِ
بِاِبۡرٰھِیۡمَ لَلَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡہُ وَھٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ط وَاللّٰہُ وَلِیُّ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ(۶۸)



پھر جب عیسیٰؑ نے اُن میں کفر محسوس کیا تو کہا! اللہ کے لیے کون میرا مددگار ہے۔حواریوں نے کہا، ہم اللہ کے لیے تیرے
مددگار ہیں۔ہم اللہ پر ایمان لائے اور تُو گواہی دے کہ ہم مسلمون (فرمانبردار) ہیں(52) اے ہمارے رب! ہم ایمان
لائے جو تُو نے ہم پر نازل کیا اور ہم پیروی کرتے ہیں رسول کی اور ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔(53) اور انہوں
نے مکر کیا اور اللہ نے تدبیر کی اور اللہ بہتر تدبیر کرنے والا ہے(54)۔ جب اللہ نے کہا، اے عیسیٰ! میں تجھے اپنی بانہوں
میں لیتا ہوں اور اپنی طرف بلند کرتا ہوں اور بے ایمانوں سے الگ کرتا ہوں۔اور تیرے پیروکاروں کو تا قیامت بے
ایمانوں پر برتری دیتا ہوں۔ پھر تمہیں میری طرف ہی لوٹنا ہے۔ پھر میں تمہارے درمیان اختلافی امور کا فیصلہ کروں گا۔
(55) پھر کافروں کو دنیا و آخرت میں سخت عذاب دوں گا اور اُن کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔(56) اور مومنوں اور نیکوکاروں کو
اجر دوں گا اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔(57) یہ ہے جسے ہم آیات اور ذکر الحکیم سے تجھ پر پڑھ کر سناتے ہیں۔(58)
اللہ کے نزدیک عیسیٰ آدم کی طرح ہے جسے مٹی سے تخلیق کیا گیا، پھر اُسے کہا ہو جا تو وہ ہو گیا۔(59) حق تیرے رب کے
پاس ہے شک کرنے والوں میں نہ ہو۔(60) علم پہنچ جانے کے بعد بھی اگر کوئی عیسیٰ کے بارے میں حجت کرے تو آپؐ
کہو بُلاؤ اپنے بیٹوں کو ہم بُلاتے ہیں اپنے بیٹے، بلاؤ اپنی عورتوں کو ہم بلاتے ہیں اپنی عورتیں، بلاؤ اپنے آدمی ہم بلاتے ہیں
اپنے آدمی اور مل کر اللہ کو بلاتے ہیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت مانگتے ہیں۔(61) بے شک یہ برحق قصے ہیں۔اور اللہ کے
سوا کوئی معبود نہیں۔اور اللہ ہی زبردست حکمت والا ہے۔(62) اگر وہ منہ موڑیں تو اللہ کو فسادیوں کا علم ہے۔(63) کہو!
اے اہل کتاب! آؤ ہم اُس بات پر اتفاق کر لیں جو ہم میں اور تم میں مشترک ہے۔ وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی
عبادت نہ کریں اور کسی کو اللہ کا شریک نہ بنائیں اور اللہ کے علاوہ ہم اپنے بعضوں کو بعضوں کے رب نہ بنائیں۔ پھر
اگر وہ قائم نہ رہیں تو اُن سے کہہ دو کہ تم ہمارے اقرار کے گواہ رہو کہ ہم ماننے والے ہیں۔(64) اے اہلِ
کتاب! کیوں اس کے بعد جھگڑتے ہو جو ابراہیمؑ پر اُترا اور جو تورات اور انجیل میں اُترا۔ پھر تم عقل سے کام کیوں نہیں
لیتے۔(65) سنتے ہو! تم وہ لوگ ہو جو علم آ جانے کے بعد بھی جھگڑ چکے اب تم اُس بات میں کیوں جھگڑتے ہو، جس کا تمہیں
علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔(66) ابراہیمؑ نہ یہودی تھے نہ نصرانی تھے بلکہ راست باز مسلمان تھے اور وہ
مشرکین میں سے نہ تھے۔(67) بے شک، وہ لوگ افضل ہیں، جنہوں نے ابراہیم کی پیروی کی اور اس نبی کی پیروی کی اور
ایمان لانے والوں کا اللہ والی ہے۔(68)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْيُضِلُّوْنَكُمْ ط وَمَايُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ
وَمَايَشْعُرُوْنَ(٦٩)يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ(٧٠)يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ
لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ(٧١)وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ(٧٢)وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّالِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ط قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ
مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْيُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَرَبِّكُمْ ط قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِاللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ
وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (٧٣)يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ(٧٤)وَمِنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍيُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا
مَادُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ(٧٥)بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ(٧٦)اِنَّ
الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِاللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَاخَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَلَا
يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَايُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ(٧٧)وَاِنَّ مِنْهُمْ
لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَمِنَ الْكِتٰبِ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ
عِنْدِاللّٰهِ وَمَاهُوَمِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ(٧٨)مَاكَانَ لِبَشَرٍ اَنْ
يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ
كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ(٧٩)وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا
الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ط اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَاِذْاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ(٨٠)



اہلِ کتاب کا ایک گروہ تمہیں گمراہ کرنا چاہتا ہے، لیکن وہ خود کو ہی گمراہ کرتا ہے مگر اُسے شعور نہیں۔(69) اے اہلِ
کتاب اللہ کی آیات سے کفر کیوں کرتے ہو جب کہ تم شہادت بھی دیتے ہو۔(70) اے اہلِ کتاب! سچ کو جھوٹ میں
کیوں ملاتے ہو اور سچ کو جانتے ہوئے بھی چھپاتے ہو۔(71) اہلِ کتاب کے ایک گروہ نے کہا' جو کچھ مومنوں پر
اُترا اُسے صبح کو مان لو اور شام کو انکار کردو شاید وہ بدل جائیں۔(72) جو تمہارے دین پر نہ چلیں اُن پر یقین نہ
کرو۔ کہو ہدایت صرف اللہ کی ہے کیونکہ اللہ نے تمہیں سب سے زیادہ عطا کیا۔ کیا وہ تمہارے رب سے جھگڑتے
ہیں۔ کہو فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور اللہ وسعت دینے والا جاننے والا
ہے۔(73) وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے نوازتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔(74) بعض اہلِ کتاب
ڈھیروں امانت واپس کردیتے ہیں اور بعض ایک دینار بھی واپس نہیں کرتے جب تک تم اُن کے سر پر کھڑے نہ
ہو جاؤ۔ وہ کہتے ہیں غیر اہلِ کتاب کی امانت نہیں ہوتی۔ وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں حالانکہ جانتے
ہیں۔(75) ہاں جس نے اپنا عہد پورا کیا اور ڈرتا رہا۔ تو اللہ متقیوں کو پسند کرتا ہے۔(76) جو لوگ تھوڑے فائدے
کے لیے اللہ سے کیا ہوا وعدہ اور قسمیں توڑتے ہیں اُن کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں۔ اللہ قیامت کے روز اُن
سے کلام کرے گا نہ اُن کی طرف دیکھے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا۔ ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔(77) اور
ان کی ایک جماعت ہے جو زبان مروڑ کر قرآن پڑھتی ہے تاکہ تم سمجھو کہ وہ کتاب میں ہے اور وہ کتاب میں نہیں
ہوتا۔ اور وہ کہتے ہیں وہ اللہ کی بات ہے اور وہ اللہ کے پاس سے نہیں ہوتی۔ وہ جان بوجھ کر اللہ پر جھوٹ باندھتے
ہیں۔(78) یہ کسی بھی بشر کے لیے ممکن نہیں کہ اللہ نے اُسے کتاب، حکمت اور نبوت دی ہو اور وہ لوگوں سے کہے کہ اللہ کو
چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ' بلکہ وہ کہتا ہے کہ خدا کے بندے بن جاؤ جیسے تم کتاب سکھاتے تھے اور جیسے تم پڑھاتے
تھے۔(79) اور وہ نہ تمہیں حکم دے گا کہ فرشتوں اور نبیوں کو رب بنالو' کیا وہ تمہیں مسلمان ہوجانے کے بعد کفر کرنے کا
کہے گا؟(80)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM